ظفر آدمی اس کو نہ جانیے گا، وہ ہو کیسا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا
ظفر کھو آئے دل سی چیز اپنی بے خودی میں ہم — خدا جانے کہ کس کوچے کہاں پھینکی کہاں رکھ دی

ابو ظفر سراج الدین بہادر شاہ، مغل تاجدار اکبر شاہ ثانی کے فرزند تھے۔ ۱۷۷۵ء میں دہلی کے لال قلعہ میں پیدا ہوئے۔ دہلی کے ممتاز علماء سے تعلیم حاصل کی۔ یہ وہ وقت تھا جبکہ انگریز تاجر آہستہ آہستہ ہندوستان میں اپنی حکومت قائم کر رہے تھے۔ ملک شورش کا شکار تھا۔ اور مغل بادشاہ کی حکومت برائے نام رہ گئی تھی۔ ظفر دلی کے آخری بادشاہ تھے۔ جو ۱۸۳۷ء میں تخت نشین ہوئے۔ انگریزوں نے ان پر بہت مظالم ڈھائے اور بالآخر جلاوطن کر دیا۔ رنگون میں ۱۸۶۲ء میں وفات پائی۔

ظفر نے ابتداء میں شاہ نصیر سے اصلاح لی۔ پھر ذوق کو استادی کا شرف بخشا۔ ذوق کے بعد غالب کو استاد ہونے کا فخر حاصل ہوا۔ ظفر نے چار دیوان اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔ ان کے کلیات میں غزلیں، ترجیع بند، مخمس، مسدس، قطعات، قصیدے، رباعیات ہیں۔ غرضیکہ تمام اصناف سخن موجود ہیں۔ زبان کی سلاست، محاورہ بندی، خیالات اور حزن و یاس ان کے کلام کی خصوصیات ہیں۔ ان کی بعض غزلیں شہرت دوام حاصل کر چکی ہیں۔

جام نو

غزل

دل کے ویرانے میں اک بار سمائے تو سہی
کوئی آئے تو سہی، شمع جلائے تو سہی

[illegible]


چٹکیاں

[illegible]

قطعات

[illegible]





بہنوں کی محفل

افسانہ

آم کے پیڑ کے نیچے

اک کار گذرتی ہے دھواں اور گرد کے مرغولے اڑاتی سڑک کے کنارے ایک درخت کی چھاؤں میں بیٹھا ہوا فقیرو اس گرد و غبار کی تاب نہ لاتے ہوئے کھانسی کے شدید دورے کا شکار ہو جاتا ہے۔

فقیرو ایک چھابڑی والا ہے۔ کئی برس پیشتر یہ چھابڑی بڑی امنگوں سے لگانا شروع کی۔ حالات نے کم عمری میں ہی اسے اپنے قدموں پر کھڑا ہونے پر مجبور کر دیا تھا۔ لیکن وہ تقدیر کو نہ بدل سکا۔ نو عمری سے جوانی آئی اور آج وہ جوان تھا۔ لیکن جوانی کی اک مردہ لاش کی صورت میں۔ ان سڑکوں پر وہ چھابڑی اٹھائے مارا مارا پھرا کرتا تھا۔ انہیں سڑکوں سے گذرتی کاروں کے ماڈل بدل گئے مگر فقیرو کی چھابڑی خستہ سے خستہ ہوتی گئی۔ انہیں کاروں کا دھواں اور ان کے پہیوں سے اڑتی ہوئی دھول اسکے پھیپھڑوں کو بیٹھ چکی۔

اب تو کھانسی کے دورے اسکی روز مرہ زندگی کا حصہ بن گئے ہیں۔ وہ تو اپنے جیسے لاکھوں اور کروڑوں انسانوں کے ہجوم میں ہے۔ جن کی سرنوشت قانون نے پہرے بٹھا دئے ہیں۔ ایک شہری اور ایک فرد کی حیثیت سے زندگی کی آسائشوں کا حق کبھی بھی نہیں مل سکا۔ وہ تو ایک ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہیں۔ جنہیں کنارے کی خواہش تو کیا، کنارے کے تصور سے بھی محروم کر دیا گیا ہے۔ کھانسی کی دوا کیلئے ڈاکٹر کی دہلیز پر قدم رکھنے سے تو ان کے لئے مرجانا زیادہ آسان ہے۔

دنیا کی اس منڈی میں یہ لوگ وہ اجناس ہیں۔ جنہیں الیکشن کے دنوں میں کتنے ہی سستے بھاؤ خریدا جاتا ہے۔ اور یہ لوگ اپنی مجبوریوں کے سبب اپنے ضمیر کا سودا بھی ایسے بیوپاریوں سے کرتے ہیں جو ان کے لئے ہی نہیں بلکہ آئندہ نسلوں کے بھی پھیپھڑوں کی بیماری کا وعدہ کرجاتے ہیں۔

کتنا سادہ لگتا ہے یہ بچہ

اور اس پیڑ کا ایک فرد فقیرو بھی ہے۔ سادگی کی بدولت ... [illegible]

... کی بڑی پیشانی کو ... [illegible]

... کے ممبر کے ... چہرے اور اسکی بڑی بڑی مونچھوں ... پہلی مرتبہ مسکراہٹ دیکھ کر اسے یقین ہو گیا کہ واقعی آج انقلاب آ گیا ہے۔ اور اسے ذہن میں ابھرتے ہوئے حقیقت بننے میں دیر نہیں ہوگی۔

بچپن میں ہی انقلاب کی خواہش اس کے دل میں زیادہ تھی۔ اجلے کپڑے پہنے اور ہشاش بشاش چہرے والے کسی ہم عمر کو دیکھتا تو اسکی آنکھیں بھی ان چیزوں کیلئے للچا جاتیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ خواہشات دبتی چلی گئیں۔ اپنی کمزوری کا احساس اس کے ذہن پر حاوی ہوتا چلا گیا۔ اس کے بازو عزت اور امارت کے درمیان آہنی سلاخوں کو توڑنے کیلئے ناتواں تھے۔ فقیرو کی داستان حیات ان کروڑوں انسانوں کی زندگی سے مشابہ تھی جو اپنے خون سے لہلہاتے ہوئے کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں۔ لیکن ان کی جانفشانی کا معاوضہ غربت، افلاس، بھوک، بیماری اور ذلت کی صورت میں ملتا ہے۔ الیکشن کا وہ دن بھی فقیرو کے لئے ایک زہریلا مذاق ثابت ہوا۔ ... [illegible]

[illegible]

خوانِ نعمت

آج کھٹی مچھلی پکا کر دیکھئے



... افراد کے لئے

اجزاء	
مچھلی	ایک پونڈ
سرخ مرچ	چھ سات عدد
دھنیا	دو چائے کے چمچے
زیرہ	ایک کھانے کا چمچہ
اناردانہ	ایک اونس
لہسن	چار جوئے
املی	سوا اونس
پیاز	متوسط دو دانے سائز کے
ہرا دھنیا اور پودینہ	چند پتے
ہری مرچ	ایک عدد
نمک	دو چائے کے چمچے
گھی	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب۔

سرخ مرچ۔ دھنیا۔ زیرہ۔ اناردانہ اور لہسن پیس کر نمک ملا دیں۔ مچھلی کے ٹکڑے صاف کریں اور نصف مصالحہ ٹکڑوں پر لگا دیں۔ پیاز بہت باریک کاٹ کر باقی بچے ہوئے آدھے مصالحے میں ملا دیں۔ پھر کسی پتیلی وغیرہ میں پہلے ایک تہہ پیازوں کی لگائیں اس پر مچھلی کے ٹکڑے رکھ دیں۔ پھر پیازوں کی تہہ لگائیے۔ اب ایک چوتھائی پیالی پانی میں املی بھگو دیں املی بھیگ جائے تو اس کے رس کو مچھلی کے ٹکڑوں پر چھڑک دیں اور ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب مچھلی تیار ہو جائے تو ایک کھانے کا چمچہ گھی اور کٹا ہوا ہرا دھنیا، پودینہ اور ہری مرچ اس کے اوپر ڈال دیں مزیدار مچھلی تیار ہے۔



Multiculturalism? It's up to you.



IN THE NATIONAL FILM BOARD

قومی فلمی بورڈ میں:

ملٹی کلچرل پروگرام کی خدمت میں اپنا مقصد ادا کرنے کے لیے قومی فلمی بورڈ نے انیس (۱۹) مختلف زبانوں میں چار سو سے زائد فلمیں بنائی ہیں۔ یہ فلمیں قومی فلمی بورڈ کے ان شہروں کے دفاتر سے مفت حاصل کی جا سکتی ہیں: وینکوور، وینی پیگ، ٹورنٹو، مونٹریال، آٹاوہ، ہیلی فیکس۔

IN THE NATIONAL MUSEUM OF MAN

انسان کے قومی عجائب گھر میں:

آٹاوہ میں انسان کا قومی عجائب گھر کینیڈا کی پوری نسلی و ثقافتی روایات کی تاریخ کی دستاویز پیش کرتا ہے۔ عجائب گھر نے بڑی تعداد میں ٹیپ ریکارڈنگز، ویڈیو ٹیپس، فلمیں اور ARTIFACTS اکٹھا کر رکھی ہیں۔ ایسے عناصر پر خاص توجہ دی جا رہی ہے جیسے لوک فن نگارش، گھریلو ضرورت کی اشیاء، خوراک کی پیداوار اور دستکاری کے صنعتی دور سے پہلے کے طریقے، روایتی کہانیاں سنانا، خاندان اور کمیونٹی کی زندگی، تہوار اور رسومات، ثقافتی نمائشوں اور سفری دکھاوؤں کا بندوبست بھی کیا جا رہا ہے۔

IN THE PUBLIC ARCHIVES

عوامی محافظ خانوں میں:

قومی نسلی محافظ خانوں کا پروگرام اس لیے بنایا گیا ہے کہ نسلی و ثقافتی دستاویزیں حاصل ہوں اور انہیں گم ہونے، ضائع ہونے یا بوسیدہ ہونے سے بچایا جائے۔ ماہرین کے ایک عملے نے نسلی و ثقافتی تنظیموں، انجمنوں اور افراد سے ربط قائم کر کے ہماری وراثت کے اس بیش قیمت اور اہم پہلو کے ریکارڈز کا موازنہ کرنا شروع کر دیا ہے۔

IN THE NATIONAL LIBRARY

قومی لائبریری میں:

قومی لائبریری نے کئی زبانوں کی کتابی فہرست مہیا کرنے کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ کینیڈا میں بولی جانے والی غیر سرکاری زبانوں کی کتابیں حاصل کر کے انہیں عوامی کتب خانوں میں عوام کے لیے مہیا کیا جائے۔ اور کتب خانوں میں غیر سرکاری زبانوں کی کتابوں کی تعداد کو بڑھایا جائے۔ مارچ ۱۹۷۵ء میں دس زبانوں میں ایسی کتابوں کی پہلی قسط آٹاوہ سے بھیجی جا چکی ہے۔ منصوبہ یہ ہے کہ ہر سال پانچ نئی زبانوں کا اضافہ ہوتا رہے گا۔ یہاں تک کہ ان کی تعداد ستر تک پہنچ جائے۔

اپنے خیالات کے اظہار یا مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اس پتہ پر لکھیے۔

Multiculturalism, 16th Floor, 66 Slater Street,
Ottawa, Ontario K1A 0M5

ملٹی کلچرل ازم کے پیچھے سارا مقصد یہی پوشیدہ ہے کہ کینیڈا میں رہنے والے تمام لوگوں کی مدد کی جائے تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے میل جول کریں اور ایک دوسرے کے پس منظر اور آپس کے فرق کو سمجھیں۔

ملٹی کلچرل ازم تمام کینیڈین لوگوں کے لیے حکومت کی ایک مستقل پالیسی ہے۔ اور یہ رضاکارانہ کام ہے۔ درحقیقت یہ ہم پر منحصر ہے کہ اس کو قابل عمل بنائیں۔

ہماری وفاقی حکومت درج ذیل پروگرام اور سہولتیں فراہم کرتی ہے تاکہ ہمارے تہذیبی پس منظر کو محفوظ رکھنے میں ہماری مدد کر سکے۔

IN THE DEPARTMENT OF THE SECRETARY OF STATE

سیکریٹری آف اسٹیٹ کے ڈیپارٹمنٹ میں:

ملٹی کلچرل پروگرام کینیڈا کے تمام ثقافتی گروہوں کی امداد اور ترقی کے لیے بنایا گیا ہے، جو کہ اپنی تہذیب کو باقی رکھنے کی خواہش رکھتے ہیں اور اپنے ثقافتی ورثے سے کینیڈا کو مستفید کرتے ہیں۔ حسب ذیل سرگرمیوں کی تکمیل اس مقصد کے حصول میں مدد کرتی ہے:

ETHNIC GROUPS LIAISON

نسلی گروہوں میں تعلق:

یہ پروگرام قومی اور مقامی سطح پر گروہوں میں تنظیم اور رابطہ قائم کرنے میں پیشہ ورانہ وسائل مہیا کرتا ہے۔

CANADIAN IDENTITIES PROGRAM

کینیڈین انفرادیتی پروگرام:

نسلی گروہوں کی ثقافتی انفرادیت کو محفوظ کرنے کی کوشش کرتا ہے اور کینیڈا کی مختلف ثقافت کی واقفیت اور آگہی کو کرافٹس، تھیٹر، لوک آرٹس کے تہوار اور ادب کے ذریعے بڑھاتا ہے۔

CANADIAN ETHNIC STUDIES

کینیڈین نسلی تعلیم:

کینیڈین نسلی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی کے زیر نگرانی کینیڈا میں نسلی تعلیم کی تحقیق کے لیے منصوبے بنائے گئے ہیں۔ کینیڈا کی یونیورسٹیوں میں مہمان پروفیسروں اور لیکچراروں کا انتظام بھی یہی مشاورتی کمیٹی کرتی ہے۔

NON-OFFICIAL LANGUAGES TEACHING-AIDS

غیر سرکاری زبانوں کے لیے تدریسی آلے:

زبان سکھانے والی تدریسی اشیاء بنانے اور انہیں ترقی دینے کے لیے مالی امداد دی جاتی ہے۔

MULTICULTURALISM CENTRES PROGRAM

ملٹی کلچرل ازم سنٹرز پروگرام:

مقامی کمیونٹیوں میں ملٹی کلچرل سنٹرز قائم کرنے کے لیے رضاکار گروہوں کی مدد کرتا ہے۔

IMMIGRANT INTEGRATION PROGRAM

تارکین وطن کی یکجہتی کا پروگرام:

یہ پروگرام ان مختلف گروہوں کی اعانت کرتا ہے جو تارکین وطن کو کینیڈین سوسائٹی میں بھرپور حصہ لینے میں مدد دیتے ہیں۔

PROJECTS GRANTS PROGRAM

پراجیکٹ گرانٹس پروگرام:

ملٹی کلچرل ازم کے مقاصد کی خاطر خود مدد کے لیے رضاکار گروہوں کی مالی اعانت کرتا ہے۔



Hon. John Munro
Minister Responsible
for Multiculturalism

L'hon. John Munro
Ministre chargé
du multiculturalisme

بنگلہ دیش کی سرحدی ملیشیا نے میمن سنگھ کے علاقے میں بھارتی فوجیوں کے حملے کو ناکام بنادیا

سرحدوں پر حملے بند کیے جائیں، حکومت بنگلہ دیش کا انتباہ

نئے حملے میں تین بنگلہ دیشی اور ۷ حملہ آور ہلاک ہوئے

متحدہ عرب امارات اور کویت دنیا کے امیر ترین اور بھوٹان غریب ترین ملک ہے

نیویارک ۔۔۔ (ر) ورلڈ بینک کی سالانہ رپورٹ کے مطابق ... بھوٹان دنیا کا غریب ترین ملک ہے ... رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایشیا میں بنگلہ دیش، نیپال اور برما بھی اقتصادی بدحالی کا شکار ہیں ... آمدنی ... ڈالر ہے۔



جاپان اور پاکستان کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے

وزیراعظم جاپان مقرر ہونے پر تاکیو فکودا کے نام وزیراعظم بھٹو کا پیغام

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے جاپان کے نئے وزیراعظم تاکیو فکودا کے نام پیغام تہنیت میں ... پاکستان اور جاپان میں ... تعلقات مزید مستحکم ہوں گے ... کہا ہے کہ جاپان کا وزیراعظم مقرر ہونے پر میں اپنی اور حکومت پاکستان کی جانب سے آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ... وزیر مملکت عزیز احمد نے بھی جاپان کے نئے وزیر خارجہ کے نام مبارکباد کے پیغام ...

ولی خاں کو جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سنٹر کراچی میں منتقل کردیا گیا

خصوصی عدالت کے حکم پر علاج معالجے کی ہر ممکن سہولت دی جارہی ہے

بیگم ولی خاں اور دیگر عزیز مروجہ قواعد کے تحت ملاقات کرسکتے ہیں

ہسپتال میں ولی خاں پر سنٹرل جیل کراچی کے قواعد و ضوابط کا اطلاق ہوگا : وزیر قانون

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پ پ) آج حکومت کی جانب سے سینیٹ میں یقین دلایا گیا ہے کہ کالعدم نیپ کے لیڈر خان عبدالولی خان کو علاج معالجے کی ہر ممکن سہولت مہیا کی جارہی ہے انہیں حیدرآباد جیل سے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سنٹر کراچی میں منتقل کردیا گیا ہے جہاں انہیں سندھ حکومت کی ہدایات کے تحت وی آئی پی روم میں رکھا گیا ہے۔ سینیٹر شہزاد گل کی جانب سے پیش کردہ تحریک التوا کی مخالفت کرتے ہوئے وزیر قانون ... ملک محمد اختر نے اس الزام کی تردید کی کہ ولی خان ... انہیں علاج معالجے کی ضروری سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے ... خصوصی عدالت نے جس میں ولی خان ... کے ساتھیوں کے خلاف سازش کے الزام میں مقدمہ چل رہا ہے ان کے علاج معالجے کے لئے جو ہدایات دی ہیں ان کی تعمیل کی جائے گی ... اب ولی خان کی حالت بہتر ہو رہی ہے اور اطمینان بخش ہے۔

۳۰ زبانوں میں قرآن حکیم کا ترجمہ الگ الگ ریکارڈ تیار کرلئے گئے

لندن ۔۔۔ (اے پ پ) اسلامی قرآن مجید کا ۳۰ زبانوں میں ترجمہ کرکے اسے الگ الگ ریکارڈوں کی صورت میں پیش کیا جائے گا ... بنگلہ دیشی ... اور فرانسیسی زبانوں میں قرآن مجید کے ریکارڈ پہلے ہی تیار کرچکی ہے ... ان ریکارڈوں میں قرآن حکیم کے عربی متن کے ساتھ مختلف زبانوں میں اس کا ترجمہ پیش کیا جائے گا۔

دریائے کابل پر پل کی تعمیر کا افتتاح

پشاور ۔۔۔ (اے پ پ) صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مسٹر نصراللہ خان خٹک نے آج نوشہرہ سے ... میل کے فاصلے پر دریائے کابل پر ایک نئے پل کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ پل دو برس میں ساڑھے چار کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔

تیل برآمد کرنے والے ملکوں کی تنظیم پاکستان کو اڑھائی کروڑ ڈالر کی امداد دیگی

رقم ۲۵ برس میں واجب الادا ہوگی : سود نہیں لیا جائے گا : معاہدے پر دستخط ہوگئے

وارث روڈ کا لاوارث مقتول!

روزن دیوار سے

کچھ عرصہ پیشتر وارث روڈ پر ایک نعش پائی گئی تھی۔ یہ نعش نوجوان صحافی یوسف فکری کی تھی۔ اس کی موت کے بہت چرچے ہوئے۔ اخبارات میں فرنٹ پیج پر سیاہ حاشیوں کے ساتھ یہ خبر شائع کی گئی۔ کالم نگاروں نے اس جواں مرگ کے نوحے لکھے۔ وزرا تعزیت کے لیے مقتول کے گھر گئے سیاسی لیڈروں نے اپنے تعزیتی بیانات میں یوسف فکری کی موت پر گہرے رنج کا اظہار کیا اور قاتلوں کو عبرتناک سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ ... طالب علم رہنماؤں نے اپنے دکھ کا اظہار کیا۔ ... اپنے تعزیتی بیانات درج کرائے۔ ہر طرف ایک کہرام سا



مچ گیا اور تب ہم نے جانا کہ وارث روڈ کا یہ مقتول لاوارث نہ تھا۔ اس کی جواں مرگی کا دکھ محسوس کرنے والے ہزاروں کی تعداد میں یہاں موجود ہیں۔

اور پھر یوں ہوا کہ دن گزرتے چلے گئے۔ یوسف فکری کی موت کا معمہ میڈیکل رپورٹ سے منسلک کردیا گیا اور یوسف فکری کے مغموم ساتھی اس رپورٹ کا انتظار کرنے لگے۔ اس دوران پولیس کے سامنے ایسے بہت سے سوالات اٹھائے گئے جن کے جواب میں میڈیکل رپورٹ کی بھی ضرورت نہیں رہتی تھی۔ سب سے اہم سوال یہ تھا کہ وہ دو افراد کون تھے جنہوں نے قتل کی رات یوسف فکری کا دروازہ کھٹکھٹایا تھا اور پھر اسے اپنے ساتھ لے کر چلے گئے تھے؟ مگر پولیس نے اس سوال کا جواب ڈھونڈنے کی کوئی کوشش نہ کی۔ پولیس میڈیکل رپورٹ کا انتظار کرتی رہی۔ میڈیکل رپورٹ تین ہفتوں میں موصول ہوئی اس میں بتایا گیا تھا۔ یوسف فکری موت طبعی موت ہے اور اس میں ایک دلچسپ نکتہ یہ تھا کہ مرحوم کے معدے سے کوئی زہریلی چیز برآمد ہوئی ہے مگر یہ اس قدر کم مقدار میں ہے کہ اس سے موت واقع نہیں ہوسکتی۔ پولیس کو غالباً اسی رپورٹ کا انتظار تھا چنانچہ اس کے ساتھ ہی اس نے تفتیش کا رجسٹر بند کردیا۔ وہ دو افراد کون تھے جو یوسف فکری کو قتل کی رات اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ پولیس نے اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا۔ ایک سوال اور بھی ہے جس کا جواب قتل کی متعدد وارداتوں کے باوجود آج تک دستیاب نہیں ہوسکا۔ اور وہ یہ کہ بعض مقتول کیسے مقتول ہوتے ہیں جن کی رپورٹ تین ہفتوں پہلے موصول نہیں ہوسکتی؟

ان سوالوں کے جوابات متعلقہ محکموں سے شاید کبھی دستیاب نہیں ہوسکیں گے، لہٰذا ہم یہ سوال ان سے پوچھنے کی بجائے صحافیوں کی انجمن سے پوچھیں گے اس انجمن میں بڑے بااثر صحافی موجود ہیں، ان میں سے بعض تو ایسے ہیں جو ایک ہی جنبش قلم سے ... ہم ان سے صرف یہی پوچھیں گے کہ ان کا ایک ساتھی جس کی نعش وارث روڈ کے فٹ پاتھ سے پڑی ملی تھی، اتنا ہی لاوارث تھا کہ اس کی یاد اس کی برسی سے پہلے بھلا دی جائے؟ کسی تقریب میں اگر کوئی افسر کسی صحافی کے ساتھ ذرا سی بدسلوکی کرتا ہے، کسی جلسے میں پولیس کا رویہ کسی صحافی کے ساتھ نازیبا ہوجاتا ہے تو بجا طور پر صحافی احتجاج کرتے ہیں۔ مگر ان کا ایک ساتھی روز روشن میں قتل ہوگیا ہے اور زبانیں خاموش ہوگئی ہیں، قلم گنگ ہوگئے ہیں؟ یہ کوئی سیاسی قتل نہیں ہے کہ احتجاج کرنے سے کسی کے ہاتھ پر شکن آئے گی۔ ... یوسف فکری ساری عمر دکھوں، تکلیفوں اور محرومیوں میں گزری ہے۔ کم از کم مرنے کے بعد تو اس کی روح کو سکون کے چند لمحات عطا کر دیجئے۔ اس لاوارث شخص نے اپنی زندگی میں کسی کو دکھ نہیں پہنچایا ... مگر آپ کب تک ... ؟

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات بہت بہتر ہوگئے ہیں


پاکستان نے بنگلہ دیش کے ساتھ بھی اپنے روابط کو خوشگوار بنالیا ہے : نیویارک ٹائمز

بنگلہ دیش اور روس کے مابین غلط فہمیاں دور ہوگئیں

اسلامی شریعت کے نفاذ کی راہ میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہوسکتی

انشاءاللہ ہم بہت جلد اپنی منزل کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے ۔ میاں طفیل محمد

کراچی ۔۔۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ اسلامی شریعت کے نفاذ کی راہ میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ... جماعت اسلامی کراچی کے تحت ہونے والے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے میاں طفیل محمد نے کہا کہ پاکستان اللہ کے دین کو نافذ کرنے کے لئے حاصل کیا گیا تھا ... اسلامی شریعت کے نفاذ کی ... انشاءاللہ ہم بہت جلد اپنی منزل کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے ...



مجھے دھتورا ہونے سے کام آنیکا ہے گا (سپلر)



اوورسیز امپلائمنٹ کارپوریشن بیرون ملک ملازمت کیلئے بھرتی کریگا

محترمہ فاطمہ جناح کی جائیداد کے بارے میں تمام درخواستیں مسترد کر دیں

محترمہ فاطمہ جناح اور قائد اعظم کا سنی یا شیعہ فرقے سے تعلق ثابت نہیں کر سکے۔ سندھ ہائیکورٹ

ایک امریکی مسلمان

کریم عبدالجبار

باسکٹ بال کی تاریخ میں دنیا کا سب سے اچھا کھلاڑی

تحریر: محمد اصغر

امریکہ میں اسلام کا ذکر آتا ہے تو آپ کے ذہن میں صرف ایک مشہور عام شخصیت محمد علی کا نام ابھرے گا۔ قارئین کرام کو شاید علم نہ ہو کہ امریکی مسلمانوں کے دو گروپ ہیں ان میں سے ایک گروپ کا نام ہے...

سکول کی ٹیم اس زمانے میں سب سے ...



کریم عبدالجبار جیسے بازوؤں کی وجہ سے کھلاڑیوں میں منفرد ہیں





بیرونی ممالک سے کاریں لانے والوں کو امپورٹ پرمٹ حاصل کرنے میں دشواریاں

پیراپور — یہاں کے عوامی حلقوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ جب بیرونی ممالک اور بالخصوص انگلینڈ سے واپس آنے والے لوگ اپنے ساتھ کاریں لاتے ہیں تو یہاں پر امپورٹ اور ایکسپورٹ کے دفاتر میں امپورٹ پرمٹ جاری کرنے کے سلسلے میں ہیرا پھیری کرتے ہیں۔ ایک مقامی تاجر میاں محمد یعقوب نے ایک بیان میں کہا ہے کہ امپورٹ پرمٹ جاری کرنے میں سخت لیت و لعل کرتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے افراد کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

کراچی سٹیل ملز میں ۱۶۳ روسی افسر کام کر رہے ہیں

پاکستانی ماہرین دستیاب نہیں

سینٹ میں وقفہ سوالات

اسلام آباد — (اے پی پی) وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی امور ملک محمد اختر نے آج وقفہ سوالات کے دوران سینٹ کو بتایا کہ کراچی سٹیل ملز پراجیکٹ میں مجموعی طور پر ۱۶۳ روسی افسر کام کر رہے ہیں جن میں ... انجینئر شامل ہیں۔

اری ٹیریا کے محاذ آزادی کے دستوں نے ایتھوپیا کے ڈیڑھ سو فوجی ہلاک اور چھ سو زخمی کر دیے

دمشق — اری ٹیریا کے محاذ آزادی کے ایک اعلان کے مطابق ... محاذ کے دستوں نے ایتھوپیا کے ڈیڑھ سو فوجی ہلاک اور چھ سو زخمی کر دیے ...

سندھ میں سرکاری اراضی کی تقسیم

کراچی — (اے پی پی) ...

انڈونیشیا میں کشتی کا حادثہ

پندرہ روزہ کریسنٹ اپنا

وفاقی حکومت کی منظوری کے بغیر غیر ملکی ثقافتی انجمنیں قائم نہیں کی جاسکیں گی

انجمن کے عہدے داروں کو منسٹری کی بھی منظوری حاصل کرنا ہوگی

غیر ملکی ثقافتی انجمنوں کے کوائف اور ارکان کی مکمل فہرست سے حکومت کو باخبر رکھنے کی پابند

وفاقی حکومت نے نئے قواعد و ضوابط کا اعلان کر دیا

[illegible]



سرحد کے وزیر اعلیٰ نصر اللہ خان خٹک ورکشاپ کا افتتاح کر رہے ہیں

گنگا کے پانی کی تقسیم بھارت اور بنگلہ دیش جلد ہی بات چیت کریں گے

[illegible] ... نہیں ہو سکا۔

بھارتی مسلمان دوسرے درجے کے شہری

ایک خبر کی جو ... کی اطلاع کے ... [illegible] ... اس خبر کی جو ... نے "مسلمان" بھارتی صدر سے اس ناروا سلوک کو بھارت میں مسلمانوں کو دوسرے درجے کے شہری سمجھنے کی ذہنیت اور عمل کا مظہر قرار دیا ہے۔ پاکستان میں یہ تاثر عام ہے کہ بھارت میں جن مسلمانوں کو بڑے عہدوں پر فائز کیا جاتا ہے، وہ نہ صرف نمائشی ہوتے ہیں ... [illegible] ... میں اچھی طرح آشنا ہوتے ہوئے بجائے خوب سوچ کے بجائے "مسلمان" صدر سے یہ سلوک روا رکھا جاتا ہے، اس میں کسی عام مسلمان کی کیا حیثیت اور وقعت ہو سکتی ہے؟

۲۱۶ ارکان پر مشتمل قومی اسمبلی میں خواتین کے لیے بیس اور اقلیتوں کے لیے ۱۰ نشستیں ہوں گی

قومی اسمبلی کا ہر حلقہ سوا تین لاکھ افراد کی آبادی کی بنیاد پر قائم کیا گیا

پنجاب اسمبلی ۲۵۷، سندھ اسمبلی ۱۰۷، سرحد اسمبلی ۸۵ اور بلوچستان اسمبلی ۴۳ ارکان پر مشتمل ہوگی

[illegible]

صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں کی تشکیل حسب ذیل ہوگی

کل	اقلیتوں کی نشستیں	خواتین کی نشستیں	عام نشستیں	صوبہ
۲۵۶	۵	۱۲	۲۴۰	پنجاب
۱۰۶	۲	۵	۱۰۰	سندھ
۸۵	۱	۳	۸۰	سرحد
۴۳	۱	۲	۴۰	بلوچستان

[illegible]

قومی اسمبلی کی کل نشستیں ۲۱۶

		خواتین کی نشستیں	عام نشستیں	
		۶	۱۱۵	صوبہ پنجاب
		۲	۴۳	صوبہ سندھ
		۱	۲۶	صوبہ سرحد
		۱	۵	صوبہ بلوچستان
x		۸		وفاقی زیر انتظام قبائلی علاقہ
x		۱		وفاقی دارالحکومت
۱۰		۲۰		کل

سعودی عرب سے جانے کا جھانسہ دیکر مختلف افراد سے بھاری رقم اینٹھ لی گئیں

[illegible]

پاک افغان تعلقات کا موضوع بڑا ہی نازک ہے، وزیر اعظم

[illegible] ... حساس مسئلہ قرار دیا۔

حزب اختلاف کا ایک لیڈر انتخابات سے قبل ہی وزیر اعظم نامزد ہونا چاہتا ہے: بھٹو

[illegible]

آغا خان مرحوم کی مطلقہ بیوی انتقال کر گئیں

[illegible] ... ان کی عمر ... برس تھی۔ ان کا انتقال کیپ فیرٹ ... ہوا۔

فلپائن میں فوج کو مسلمانوں کے خلاف کارروائی بند کر دینے کا حکم

لیبیا کی کوششوں سے فریقین میں مصالحت ہو گئی، مذاکرات دو روز جاری رہے

[illegible]

مسجد نبوی کی توسیع کیلئے چارسو عمارتوں کو منہدم کیا جائے گا

عمارتوں کے مالکان کو معاوضے کے طور پر ۳ کروڑ ریال ادا کیے جائیں گے

[illegible]

پنجاب کے ۹۶ فیصد زمینداروں کو فائدہ پہنچے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب

نئی زرعی اصلاحات کے تحت بے زمین مزارعین کو بلا معاوضہ اراضی دی جائیگی

[illegible]

وزیر اعظم جونیجو نے قائد اعظم میوزیم اور صد سالہ یادگار کا سنگ بنیاد رکھ دیا

[illegible]

سال رواں کے دوران پیغام اقامت کے بارے میں ایک سو کتابیں شائع کی جائیں گی

[illegible]

مشتاق احمد یوسفی بنکنگ کونسل کے چیئرمین بن گئے
خواجہ ضیاء الدین کو پی آئی اے کا صدر مقرر کر دیا گیا

[illegible]

ساحل مکران کے قریب سمندر میں تیل کی تلاش کا کام شروع کر دیا گیا

میرا دورہ ایران معمول کے مطابق تھا

ہم نے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا: بھٹو

زبیلا جھیل سے فصل ربیع اور خریف کے لیے ۱۳ لاکھ مکعب فٹ پانی فراہم کیا گیا

طارق علی کو لندن جانے سے روک دیا گیا



مصر اور اسرائیل کے درمیان خوفناک جنگ چھڑنے کا خدشہ ہے

سندھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر شیخ ایاز کو بھارت میں سفیر مقرر کر دیا جائے گا

شمالی اٹلی میں زلزلے کے شدید جھٹکے

پنجاب میں جاگیرداروں سے حاصل شدہ ایک لاکھ ۸۰ ہزار ایکڑ اراضی غیر مالک کاشت کاروں کو الاٹ کر دی گئی

۱۲ ہزار مزارعین کو ان کی اراضی پر بحال کر دیا گیا ہے

کاشت کار بار بار کی بیدخلیوں، خوف و ہراس اور بیگار سے بچ گئے ہیں

بڑے میاں کے لیے اس عمر میں روٹھنا مناسب نہیں، ہم خان قیوم سے مزید تعاون کو تیار نہیں: وزیر اعظم بھٹو

امریکہ پاکستان کو ستر ہزار میٹرک ٹن خوردنی تیل مہیا کرے گا

قیوم مسلم لیگ سے استعفا

بنگلہ دیش اپنی فوج کے لیے چین سے ہتھیار حاصل کرے گا

جنرل ضیاء الرحمٰن کے دورۂ چین سے دو طرفہ تعلقات کو فروغ ملے گا

ہوا کوفینگ اور نائب وزیر اعظم لی شین نین نے بنگلہ دیش کے دورے کی دعوت قبول کر لی

مجھے دکھ ہے کہ آپ کوئی ذاتی مفاد حاصل نہیں کر سکیں گے: بھٹو

"کریسنٹ" میں شائع ہونے والے تمام مضامین، اشتہارات اور ان کے خاکوں کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انہیں نقل کرنے سے پہلے ہماری تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔

(ادارہ)

پندرہ روزہ

کرسینٹ

سودا شو گیا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

نسلی تعلقات کی بہتری کیلئے اقدامات

ایشیائی تارکین وطن کے بچوں کا مسئلہ؟

(نمائندہ خصوصی)

لیبر نسلی تعلقات کمیشن نے برطانیہ میں پیدا ہونے والے یا پلنے والے ایشیائی بچوں کے بارے میں ایک مبسوط رپورٹ شائع کی ہے۔ دو تہذیبوں کے درمیان کے زیر عنوان شائع ہونے والی اس رپورٹ میں ان بچوں کی لسانی، تہذیبی، ثقافتی الجھنوں، ان پر مغربی تہذیب کے اثرات، ان کے ساتھ نسلی تعصب اور ان کی دینی ضروریات وغیرہ ایسے مسائل کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کمیشن کے پاکستانی ریسرچ آفیسر [illegible] کی مرتب کردہ اس رپورٹ میں ان مسائل سے عہدہ برآ ہونے کی غرض سے مختلف حل تجویز کئے گئے ہیں۔ اور حکومت سے بہتر نسلی تعلقات کی خاطر اس ضمن میں فوری اقدامات کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ کمیونٹی ریلیشنز کمیشن کے صاحب بست و کشاد کا کہنا ہے کہ رپورٹ میں تجویز کردہ اقدامات کو بروئے کار لانے کی غرض سے حکومت کو مزید اخراجات برداشت نہیں کرنا پڑیں گے بلکہ مقامی اداروں اور مرکزی حکام اپنے اخراجات میں رد و بدل کر کے ایشیائی برادری کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

اس رپورٹ کے مطابق برطانیہ میں ایشیائی بچے

• دو تہذیبوں کی چکی میں پس رہے ہیں۔ اپنے گھروں میں وہ اپنے والدین کی تہذیب کے درمیان پروان چڑھتے ہیں۔ سکولوں میں انہیں اس کے برعکس تربیت دی جاتی ہے۔ [illegible]

مکانات خرید کر رہنا ہی حل کر سکتے ہیں۔ لیکن مکانات چونکہ ارزاں قیمت پر خرید سکتے ہیں۔ اس لئے ان میں زندگی کی وہ تمام سہولتیں میسر نہیں ہوتیں جنہیں مقامی لوگ انسانی زندگی کے لئے ضروری قرار دیتے ہیں۔ ایشیائی لوگ محض ایسے علاقوں میں مکان خرید یا کرایہ پر لے سکتے ہیں جہاں ایشیائی باشندوں کی معقول تعداد رہتی ہے۔ اسی طرح بعض علاقوں میں ان کی تعداد نمایاں ہو رہی ہے۔ [illegible]

[illegible]



[illegible]

• رضاکار تنظیمیں نسلی تعلقات کی کونسلوں اور پریس کو چاہیے کہ وہ ایشیائی نوجوانوں کو ان کے حقوق و فرائض کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات مہیا کریں۔



پاکستان کی سرزمین میں زبردست خزانے چھپے ہوئے ہیں مگر اس کو ایک ایسا ملک بنانے کے لیے جو ایک مسلمان قوم کے رہنے سہنے کے قابل ہو ہمیں اپنی قوت اور محنت کے زبردست ذخیرے کا ایک ایک ذرہ صرف کرنا پڑے گا۔ اور مجھے امید ہے کہ تمام لوگ اس کی تعمیر میں دل و جان سے حصہ لیں گے

خطبہ افتتاحی — ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء

ضربیت

رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ

صحابہ کرامؓ کے بارے میں قرآن پاک کا یہ ارشاد ہے کہ وہ آپس میں رحم دل تھے اور ان کے دلوں میں باہمی الفت تھی۔ حضرت علیؓ کو جناب رسالتمآبؐ کی چوتھی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کے عقد کے لیے درخواست کرنے پر مائل کرنے میں حضرات صدیقؓ، فاروقؓ کا ہاتھ تھا۔ اخراجات کے لیے رقم حضرت عثمانؓ نے پیش کی جسے حضرت علیؓ نے قبول فرمایا۔ ملا محمد باقر مجلسی نے اپنی تصنیف "جلاء العیون" میں اور شیخ ابو جعفر طوسی نے "امالی" میں اس واقعہ کو بیان کیا ہے۔ جلاء العیون میں یوں درج ہے:

"ایک روز (حضرات) ابوبکرؓ و عمرؓ و سعدؓ بن معاذ مسجد نبویؐ میں بیٹھے تھے۔ حضرت فاطمہؓ کی شادی کے بارے میں بات چیت ہونے لگی۔ (حضرت) ابوبکرؓ نے فرمایا: اشراف قریش نے حضورؐ سے ان کے لیے درخواست کی۔ مگر حضورؐ نے فرمایا کہ اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ مگر (حضرت) علیؓ نے اس بارے میں بات نہیں کی۔ میرا خیال ہے کہ صرف تنگدستی انہیں یہ گزارش کرنے سے مانع ہوئی ہے ورنہ جہاں تک مجھے معلوم ہے اللہ تعالیٰ اور رسولؐ پاک نے حضرت فاطمہؓ کا نکاح انہی کے لیے محفوظ رکھا ہوا ہے۔ پھر انہوں نے اپنے دونوں ساتھیوں سے کہا: اٹھو، حضرت علیؓ کو آمادہ کریں کہ وہ حضرت فاطمہؓ کے لیے درخواست کریں۔ اور اگر انہیں تنگ دستی مانع ہو تو ان کی مدد کریں۔ تینوں حضرت علیؓ کے پاس پہنچے اور انہیں راضی کیا کہ وہ جناب رسالتمآبؐ کی خدمت میں حاضر ہوں اور حضرت فاطمہؓ کے رشتہ کے لیے درخواست کریں؛

"امالی" میں درج ہے کہ ضحاک بن مزاحم نے حضرت علیؓ کو یہ کہتے سنا:—

"میرے پاس (حضرت) ابوبکرؓ و عمرؓ آئے اور کہنے لگے۔ بہتر تھا کہ آپ خواستگاری فاطمہؓ کے لیے جناب رسولؐ پاک کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ چنانچہ میں در رسالتمآبؐ پر حاضر ہوا۔ حضورؐ نے مسکرا کر فرمایا: علیؓ! کیسے آنا ہوا۔ میں نے اپنی قرابت نسبی، قدامت اسلام، دینی مساعی اور جہاد کا ذکر کیا۔ حضورؐ نے فرمایا: جو کچھ تم نے کہا ہے، تم اس سے بھی بہتر ہو۔ پھر میں نے حضرت فاطمہؓ کے رشتے کے لیے درخواست کی۔ اس پر آپؐ گھر تشریف لے گئے۔ اور حضرت فاطمہؓ سے بات کی۔ وہ خاموش رہیں۔ حضورؐ نے فرمایا: فاطمہؓ کی خاموشی اقرار اور رضامندی کی علامت ہے۔"

●

حدیث نبویؐ

[illegible] امت کے اکثر منافق [illegible] ہوں گے۔ منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرے جھوٹ بولے۔ جب وعدہ کرے، پورا نہ کرے۔ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے یا دی جائے تو خیانت کرے

کرسینٹ

۱۵ فروری ۱۹۷۷ء مطابق ۲۵ محرم ۱۳۹۷ھ — جلد ۵ شمارہ ۲۱



سال اقبال منانے کا مقصد حکیم الامت کی تعلیمات کو عام کرنا ہے

حکومت فکر اقبال کے فروغ کا تہیہ کر چکی ہے

قائد اعظم علامہ اقبال کو اپنا مرشد اور دوست سمجھتے تھے : حفیظ پیرزادہ

پنشنوں میں ۵۰ سے سو فیصد تک اضافہ کردیا گیا

سب سے کم تنخواہ والے پنشنروں کی پنشن دوگنی اور زیادہ تنخواہ والوں کی پنشن ڈیڑھ گنا ہو جائیگی

معذوری اور موت کی پنشن کے معاملے میں زیادہ فراخدلی سے کام لیا گیا ہے

پنشنروں کو اضافے کے مالی فوائد فروری ۱۹۷۷ء سے حاصل ہوں گے : وفاقی وزیر خزانہ

راولپنڈی ۔ ـــــ (اپ پ) وفاقی حکومت نے سول ملازمین اور مسلح افواج کے لئے پنشنوں میں غیر معمولی اضافے کا اعلان کیا ہے اس کی رو سے سب سے کم تنخواہ والے پنشنروں کی پنشن میں سو فیصد اور زیادہ تنخواہ والے پنشنروں کی پنشن میں پچاس فیصد تک اضافہ ہو جائے گا۔ بعض دیگر مراعات ان کے علاوہ ہوں گی۔ وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف نے اس بات کا اعلان آج شام یہاں ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت افراط زر اور مہنگائی کے پیش نظر تنخواہ دار طبقے کی تنخواہوں میں کئی بار اضافہ کر چکی ہے لیکن پنشنروں کا منظم طبقہ بھی اس بارے میں خصوصی توجہ کا مستحق تھا چنانچہ حکومت نے اس طبقے کی مشکلات کو کم کرنے کے لئے ان کی پنشنوں میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔

> پنشنوں اور مراعات میں اضافے پر قومی خزانے سے ہر سال مزید ۱۲ کروڑ روپے خرچ ہوں گے

رانا محمد حنیف نے کہا کہ پنشنوں کی شرحوں میں یہ اضافہ وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی اس ہدایت پر کیا گیا ہے جو انہوں نے پنشنوں کے نظام پر نظر ثانی کرنے کے سلسلے میں جاری کی تھی۔ حکومت پنشنروں کی حالت کا پورا احساس ہے اور پنشنوں میں مہنگائی الاؤنس میں اضافے اور دیگر اقدامات کی شکل میں انہیں فوری فائدہ پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے اب ترمیم شدہ ضوابط سے بھی پنشنرز بہت سے فائدے پہنچیں گے۔

اسلام آباد۔ ـــــ وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ سول اور فوجی سرکاری ملازمین کی پنشنوں اور الاؤنسوں میں اضافے اور دیگر مراعات پر قومی خزانے سے مزید ۱۲ کروڑ روپے سالانہ خرچ ہوں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ حکومت اس امر کا خصوصی خیال رکھے گی کہ افراط زر اور مہنگائی ان نئے فوائد کے اثرات زائل نہ کر سکے اور اس مقصد کے لئے مزید اور ٹھوس اقدامات بھی کئے جائیں گے۔



پنشنوں میں اضافے کا فیصلہ — اہم نکات

● اب ایک ہزار روپے سے زیادہ تنخواہ پانے والوں کے لئے بھی ... پنشن دی جائے گی۔

● تین ہزار سے زیادہ مشاہرہ والے ملازمین کیلئے خاص اضافی پنشن کی رعایت ختم کردی جائے گی۔

● پنشن اسی تناسب سے مقرر ہوگی۔

● پنشن کے لئے صرف بنیادی تنخواہ شمار کی جاتی تھی۔ اب اس تنخواہ میں مہنگائی الاؤنس بھی شامل کر دیا گیا ہے۔

آسٹریلیا نے ۳۴۸ رنز سے دوسرا ٹیسٹ میچ جیت لیا

میلبورن۔ ـــــ (رائٹر) آسٹریلیا اور پاکستان کے مابین دوسرا ٹیسٹ میچ آج یہاں آسٹریلیا نے ۳۴۸ رنز سے جیت لیا۔ آج کھیل کا پانچواں اور آخری روز تھا اور صرف آدھے گھنٹے کے کھیل میں پاکستان کے باقی ماندہ تین کھلاڑی بھی آؤٹ ہوگئے۔ پاکستان کی دوسری اننگز ۱۵۱ رنز پر ختم ہوئی۔ کل جب کھیل ختم ہوا تھا تو پاکستان نے سات وکٹوں پر ۱۲۸ رنز بنائے تھے۔ آخری سکور یہ ہے: آسٹریلیا پہلی اننگز ۵۱۷ رنز آٹھ کھلاڑی آؤٹ ہونے پر کھیل ختم کرنے کا اعلان اور دوسری اننگز ۳۱۵ رنز آٹھ کھلاڑی آؤٹ ہونے پر کھیل ختم کرنے کا اعلان۔ پاکستان پہلی اننگز ۳۳۳ رنز اور دوسری اننگز ۱۵۱ رنز۔ دوسرا ٹیسٹ میچ جیتنے کے بعد آسٹریلیا نے اس سیریز میں ایک کی برتری حاصل کرلی ہے۔

زمبیا کے صدر کینتھ کاؤنڈا کو حقوق انسانی کا بین الاقوامی قائد اعظم ایوارڈ دینے کا اعلان

اسلام آباد۔ ـــــ (اپ پ) زمبیا کے صدر کینتھ کاؤنڈا کو حقوق انسانی کا قائد اعظم بین الاقوامی ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

آزادانہ انتخابات کیلئے حکومت کو عملی ثبوت مہیا کرنا ہوگا

سیاسی کارکن رہا کئے جائیں اور دفعہ ۱۴۴ ختم کی جائے : مولانا مفتی محمود

کراچی۔ ـــــ (اپ پ) قومی اسمبلی میں سابق قائد حزب اختلاف مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ آزادانہ انتخابات کیلئے حکومت کو عملی ثبوت مہیا کرنا ہوگا۔ حزب اختلاف انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور عوام کو عام انتخابات کے موقع پر قومی معاملات میں دلچسپی لیتے ہوئے حزب اختلاف کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ مولانا مفتی محمود نے مدرسہ انوار العلوم ... میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ۳۰ برسوں میں پاکستان میں کسی دستور ساز اسمبلی نے اسلامی نظام کے عملی نفاذ کے لئے دستور سازی نہیں کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان دو ٹکڑے ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آزادانہ انتخابات کے انعقاد کا شب و روز پروپیگنڈہ کر رہی ہے مگر حکومت نے عملاً کوئی ایسا قدم نہیں اٹھایا جس سے عوام کو یقین ہو سکے کہ حکومت آزادانہ انتخابات کرانے میں مخلص ہے۔ مولانا مفتی محمود نے کہا کہ حزب اختلاف کے متعدد رہنما اور کارکن جیلوں میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں ملک میں ... نافذ ہے اور ہنگامی حالات کی تلوار لٹک رہی ہے اور اخبارات کی آزادی سلب کرلی گئی ہے۔ ان حالات میں آزادانہ انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں۔

سیاسی رہنماؤں کو رہا کیا جائے اور ہنگامی حالات ختم کر کے جلسے جلوسوں کی آزادی دی جائے تاکہ حزب اختلاف بھی عوام سے رابطہ پیدا کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ حزب اختلاف نے عام انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کر لیا ہے اور وہ انتخابات میں حصہ لے کر ... قرآن و سنت کے نظام کے نفاذ ...

شاہ نیپال پاکستان آئیں گے

بھارت اور روس میں تجارتی معاہدہ